علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس: اسلامیات-1(8667) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ سورۃ آل عمران کی وجہ تسمیہ پر تفصیلی نوٹ لکھیں اور بتائیں کہ اس خاندان کا تذکرہ اس سورت میں کیوں کیا گیا؟ (20)

سوال نمبر 2۔ "ان اللہ اصطفیٰ آدم ونوحاً۔۔۔" کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کے انتخاب (اصطفاء) کے معیار پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اہل کتاب مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لیے کن نفسیاتی حربوں کا استعمال کرتے تھے؟ یونٹ کی روشنی میں تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ غزوہ احد کے آغاز میں رسول اللہ ﷺ کا اپنے گھر سے نکل کر مسلمانوں کو لڑائی کے ٹھکانوں پر بٹھانے کے عمل کی جنگی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ جو لوگ کفر میں تیزی دکھاتے ہیں، ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو "غم نہ کرنے" کی تلقین کیوں فرمائی؟ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ "مشکوٰۃ المصابیح" کی وجہ تسمیہ بیان کریں اور اس کتاب کے لغوی واصطلاحی معنی واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلام میں اچھے نام رکھنے کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں اور بتائیں کہ قیامت کے دن انسان کو کس نام سے پکارا جائے گا؟ (20)

سوال نمبر 3۔ یونٹ نمبر 8 کے پہلے باب "حفظ اللسان" کی روشنی میں زبان کی حفاظت کی اہمیت بیان کریں اور بتائیں کہ کس طرح زبان کا غلط استعمال انسان کو جہنم میں لے جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ یونٹ نمبر 9 کے پہلے باب "الشفقۃ والرحمۃ" کی روشنی میں اس نبوی اصول کی وضاحت کریں کہ جو شخص انسانوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔ (20)

سوال نمبر 5۔ "جنت" کی خوشخبری کن اخلاق کے حامل لوگوں کو دی گئی ہے؟ یونٹ نمبر 9 کے آخری ابواب (حسنِ خلق) سے استدلال کریں۔ (20)